صدی ہجری کے معروف شافعی بزرگ امام عبد الوہاب شعرانی" بھی ہیں جنہوں نے اپنی تصنیف "المیزان الکبریٰ" میں جا بجا امام اعظم" کا تذکرہ کر کے ان کی دینی و فقہی مساعی کو سراہا ہے۔ ماہنامہ "الہلال مانچسٹر" کے مدیر اور ہمارے فاضل دوست مولانا حافظ محمد اقبال رنگونی نے امام اعظم" کے بارے میں امام شعرانی" کے ان ارشادات کو خوبصورتی کے ساتھ جمع کر کے ان کا اردو ترجمہ کر دیا ہے جو ان کی قابل داد کاوش ہے۔

ایک سو کے لگ بھگ صفحات پر مشتمل اس کتابچہ کی قیمت ایک پونڈ ہے اور اسے اسلامک اکیڈمی مانچسٹر سے طلب کیا جا سکتا ہے جس کا مکمل ایڈریس یہ ہے۔

19 CHORLTON TERRECE MANCHESTER 13 (U-K)

ISLAMIC ACADEMY

رویت ہلال علم فلکیات کی روشنی میں

برطانیہ میں رویت ہلال کا مسئلہ خاصے عرصہ سے علماء کے حلقوں میں موضوع بحث ہے اور ہر سال رمضان المبارک اور عیدین کے موقع پر یہ بحث از سرنو تازہ ہو جاتی ہے۔ اس سلسلہ میں علمائے کرام کی ایک جماعت کی رائے یہ ہے کہ رویت ہلال کے لیے سعودی عرب یا کسی دوسرے ملک کی پیروی کرنے کی بجائے علم فلکیات کے مسلمات کا بھی لحاظ رکھا جائے اور برطانیہ کے لیے ثبوت ہلال کا مستقل نظام کار وضع کیا جائے۔ ہمارے فاضل دوست مولانا ثمیر الدین قاسمی فاضل دیوبند نے زیر نظر رسالہ میں علمائے کرام کی اس جماعت کے موقف کی وضاحت کرنے کے ساتھ ساتھ رویت ہلال کے فنی پہلوؤں پر بحث کی ہے اور اس سلسلہ میں مختلف اصحاب علم کے ساتھ ہونے والی خط و کتابت کی تفصیل بھی پیش کی ہے۔ نفس مسئلہ پر اظہار رائے سے قطع نظر ہمارے نزدیک علمی اور فنی طور پر یہ کاوش قابل قدر ہے کیونکہ اسی قسم کے علمی مباحث سے گزر کر علماء و فقہاء اس نوعیت کے اجتہادی مسائل میں اعتماد کے ساتھ کوئی رائے قائم کر سکتے ہیں۔ یہ رسالہ مندرجہ ذیل پتہ سے طلب کیا جا سکتا ہے:

مدرسہ تعلیم الاسلام